عمدہ قیمت عہ پتہ :- قصر اردو - اردو بازار - دہلی -

۱۹۵۱ء میں اردو زبان میں جو نظمیں۔ غزلیں شائع ہوئی ہیں۔ فکر تونسوی۔ نریش کمار شاد اور ظفر ادیب صاحبان نے ان کا انتخاب اپنے ذوق کے مطابق کر کے شائع کیا ہے اختلافِ ذوق کے باعث جو چیز ایک کو پسند ہو ضروری نہیں کہ وہ دوسروں کو بھی پسند ہو، چنانچہ اس انتخاب میں بھی اس طرح کے اختلاف کی بڑی گنجائش ہے مگر بعض نظمیں تو ایسی ہیں جن کا انتخاب معلوم ہوتا ہے کسی ادبی معیار سے نہیں کیا گیا۔ بلکہ شاعر کی صرف شہرت یا اس کے ساتھ ذاتی تعلق کو ہی جوازِ انتخاب کی دلیل سمجھ لیا گیا ہے مثلاً جوشؔ کی نظم "ماتم آزادی"، سردار جعفری کی "ادھکی خاک حسین" اردو ادب کا فخر نہیں بلکہ اس کے لئے ننگ وعار ہیں' ان کے علاوہ جو اور قومی۔ بین الاقوامی نظمیں اور غزلیں شامل ہیں ان میں اکثر و بیشتر ایسی ہیں جو واقعی لائق انتخاب تھیں اس حیثیت سے یہ مختصر سا مجموعہ حسین بھی ہے اور دلکش بھی !!!

سہ روزہ دعوت دہلی

مدیر اصغر علی صاحب عابدی، سالانہ بدل اشتراک بارہ روپے
پتہ اخبار دعوت، کشن گنج دہلی ۶

"دعوت" پہلے "الانصاف" کے نام سے الہ آباد سے نکلتا تھا، اب دہلی سے شائع ہو رہا ہے، یوں تو جماعتِ اسلامی کے اخباروں اور رسالوں میں اخبار نویسی اور صحیفہ نگاری کا ایک خاص سلیقہ نمایاں ہوتا ہی ہے "دعوت" خاص طور پر اس جماعت کا متین اور باوقار ترجمان ہے اس میں اپنی جماعت کے خاص مقاصد کی تبلیغ واشاعت کے علاوہ دوسری اخباری معلومات بھی کچھ کم نہیں ہوتیں، ایڈیٹوریل، شذرات، مقالات وغیرہ دل پسند، مدلل اور سنجیدہ ہوتے ہیں، سہ روزہ اخبارات میں "دعوت" بہت سی عمدہ خصوصیتوں کا حامل ہے، جماعتِ اسلامی کے مخصوص نظریوں سے قطع نظر یہ اخبار تمام مسلمانوں بلکہ عام اہل ملک کے پڑھنے کے لائق ہے، ہم "دعوت" کی زندگی اور ترقی کے خواہاں ہیں کہ عریانی اور فحاشی کی ان اندھیریوں میں ایسے اجالے کی ضرورت قدرتی ہے۔ (ع)